ایمانیات، عبادات، سیرت، اذکار، دعاؤں، سنتوں اور آداب پر مشتمل مدنی گلدستہ

اسلامیات

تیسری کلاس کے لیے

دعوت اسلامی

Dawateislami

جملہ حقوق محفوظ ہیں۔
مجلس دارالمدینہ (دعوتِ اسلامی) کی پیشگی تحریری اجازت کے بغیر اس اشاعت کے کسی بھی حصّے کی نقل، ترجمہ یا کسی بھی طریقے سے محفوظ کرنے کی اجازت نہیں۔

پبلشر
دارالمدینہ پبلی کیشنز
پہلی اشاعت ۲۰۱۶
ISBN: 978-969-631-737-1

تیاری و پیش کش
شعبۂ نصاب، دارالمدینہ
ای میل: curriculum@darulmadinah.net

دارالمدینہ (انٹرنیشنل اسلامک اسکول سسٹم) ان ممالک میں موجود ہے

پاکستان | بھارت | سری لنکا | برطانیہ | ریاست ہائے متحدہ امریکا

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ اَجْمَعِیْن

تصدیق کی جاتی ہے کہ کتاب "اسلامیات (تیسری کلاس کے لیے)" مطبوعہ دارالمدینہ پبلی کیشنز پر مجلس تفتیشِ کتب و رسائل کی جانب سے نظرثانی کی کوشش کی گئی ہے۔ مجلس نے اسے عقائد، کفریہ عبارات، اخلاقیات اور فقہی مسائل وغیرہ کے حوالے سے مقدور بھر ملاحظہ کرلیا ہے، البتہ کمپوزنگ یا کتابت کی غلطیوں کا ذمہ مجلس پر نہیں۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم
مجلس تفتیشِ کتب و رسائل
(دعوتِ اسلامی)

تاریخ: ۲۹ مارچ ۲۰۱۶ — مجلس تفتیشِ کتب و رسائل (دعوتِ اسلامی)

ہمارا ساتھ دیجیے۔

دارالمدینہ (انٹرنیشنل اسلامک اسکول سسٹم) کا بنیادی مقصد شریعت کے تقاضوں کے مطابق معیاری دینی و دنیوی تعلیم فراہم کرنا ہے۔
تمام اسلامی بھائیوں اور اسلامی بہنوں سے تعاون کی مدنی التجا ہے۔

Dar-ul-Madinah Educational Support Fund

Title of Account	Darul Madina Educational Support Fund	Branch Code	0891
Account No.	0112-0891-010-1515-9	Swift Code	UNILPKKA
Bank	UBL Ameen	IBAN Code	PK97UNIL0112089101015159
Branch	Main Branch M.A. Jinnah Road, Karachi		

For Sadqaat-e-Nafila

Title of Account	DAWATEISLAMI	Branch Code	0063
Account No.	0388841531000263	Swift Code	MUCBPKKA
Bank	MCB Bank Limited	IBAN Code	PK20MUCB0388841531000263
Branch	Cloth Market Branch, Karachi		

مزید معلومات اور آن لائن عطیات جمع کروانے کے لیے ہماری ویب سائٹس وزٹ کیجیے۔
www.darulmadinah.edu.pk | www.dawateislami.net | donation.dawateislami.net

ایمانیات، عبادات، سیرت، اذکار، دعاؤں، سنتوں اور آداب پر مشتمل مدنی گلدستہ

اسلامیات

تیسری کلاس کے لیے

نام _____

ولدیت _____ فون _____

کلاس _____ سیکشن _____

ایڈمیشن آئی۔ڈی _____ جی۔آر نمبر _____ رول نمبر _____

اسکول _____

شعبۂ اسلامیات

دارالمدینہ شعبۂ نصاب (دعوتِ اسلامی)

فہرست

نمبر شمار	عنوان	صفحہ نمبر
	باب اول: حفظ و ناظرہ	
۱	سورۃ الفلق	۲
۲	سورۃ الناس	۳
۳	سورۃ العصر	۴
۴	پنجم کلمہ استغفار	۶
۵	دعائے ماثورہ	۷
	باب دوم: ایمانیات	
۶	اللہ عَزَّوَجَلَّ کی ذات وصفات	۹
۷	رسول اللہ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ کی محبت	۱۳
۸	جنّت اور دوزخ	۱۷
۹	ارکانِ اسلام	۲۲
	باب سوم: طہارت و عبادات	
۱۰	وضو	۲۷
۱۱	نماز کے واجبات	۳۱
	باب چہارم: سیرتِ مُصطفٰی صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ (سفر تجارت سے نزولِ وحی سے پہلے تک)	
۱۲	شام کا دوسرا سفر	۳۵
۱۳	خانہ کعبہ کی تعمیر	۴۰
	باب پنجم: اخلاق و آداب	
۱۴	تلاوتِ قرآن	۴۵
۱۵	مسجد کے آداب	۴۹
۱۶	زینت کی سُنّتیں اور آداب	۵۳
۱۷	ادب و احترام	۵۸
۱۸	وعدے کی پابندی	۶۱
۱۹	چوری کی سزا	۶۵
	باب ششم: اللہ والوں کی باتیں	
۲۰	حضرت سیدنا ابراہیم عَلَیْہِ السَّلَام	۶۹
۲۱	حضرت سیدنا عمر فاروق رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُ	۷۵

”تربیت اولاد“ کے دس حروف کی نسبت سے والدین کے لیے ”دس مدنی پھول“

1. اسلامی معاشرے کا بہترین فرد بنانے نیز بحیثیت والدین اپنی ذمہ داری احسن انداز میں نبھانے کے لیے اولاد کی بہترین تربیت بہت ضروری ہے۔ ابتدا ہی سے اللہ عَزَّوَجَلَّ اور اس کے حبیب صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ کی محبت پیدا کرنے کے لیے اپنے گھر کو تلاوت و نعت وغیرہ کی برکتوں سے مالا مال رکھیے۔ مدنی چینل اس کا بہترین ذریعہ ہے۔
2. نماز کا عادی بنانے کی نیت سے بچوں کو شروع سے ہی نماز پڑھنے کا ذہن دیجیے اور سات سال کی عمر سے خصوصی تاکید کے ساتھ باقاعدہ نماز پڑھوائیے۔
3. سرکار مدینہ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ کی سُنّتیں سیکھنے اور سکھانے کی نیت سے اپنے گھر میں فیضانِ سُنّت کا درس جاری کیجیے۔
4. والدین، اساتذہ کرام اور بزرگوں کا ادب و احترام سکھانے کی نیت سے مکتبۃ المدینہ کی کتابوں سے بزرگانِ دین رَحِمَہُمُ اللّٰہُ الْمُبِیْن کے واقعات سنائیے۔
5. اسلامی تعلیمات کے مطابق ذہن سازی کے لیے اچھے اخلاق، صبر و شکر، حُسنِ سلوک اور قرآن و سُنّت کے عامل بن کر اپنی اولاد کے سامنے عملی نمونہ پیش کیجیے۔
6. جھوٹ، غیبت، چغلی، لڑائی جھگڑا، گالی گلوچ، بدنگاہی اور دیگر گناہوں سے بچنے کا ذہن دیتے رہیے۔
7. جسمانی نشوونما اور صحت کی درستی کے لیے اپنی حیثیت کے مطابق حلال کمائی سے اچھی اور متوازن غذا بالخصوص دُودھ اور پھل وغیرہ کی ترکیب بنائیے۔
8. اپنے بچے کی تعلیمی کیفیت سے آگاہ رہنے کے لیے روزانہ ہوم ورک ڈائری چیک کیجیے اور وقتاً فوقتاً ہونے والی پیرنٹس ٹیچرز / پیرنٹس مینجمنٹ میٹنگز میں شرکت فرمائیے۔
9. غلطیوں کی اصلاح کے لیے بے جا مار پیٹ کے بجائے محبت نرمی اور حکمت کے ساتھ سمجھائیے۔
10. اپنی اولاد کو ہر وقت اپنی نیک دُعاؤں مثلاً علم و عمل میں برکت اور درازی عمر بالخیر وغیرہ سے نوازتے رہیے۔

سورۃ الفلق

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

قُلۡ اَعُوۡذُ بِرَبِّ الۡفَلَقِ ۙ﴿۱﴾ مِنۡ شَرِّ مَا خَلَقَ ۙ﴿۲﴾
وَ مِنۡ شَرِّ غَاسِقٍ اِذَا وَقَبَ ۙ﴿۳﴾ وَ مِنۡ شَرِّ النَّفّٰثٰتِ فِی الۡعُقَدِ ۙ﴿۴﴾
وَ مِنۡ شَرِّ حَاسِدٍ اِذَا حَسَدَ ﴿۵﴾ ع

سرگرمی

سُورۂ فلق یاد کر کے سنائیے۔

کیا آپ جانتے ہیں؟

سُورۂ فلق مدینہ مُنوّرہ میں نازِل ہوئی۔

رہنمائے اساتذہ

طلبہ / طالبات کو سُورۂ فلق دُرست تلفّظ کے ساتھ یاد کروائیے۔

سورۃ الناس

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

قُلۡ اَعُوۡذُ بِرَبِّ النَّاسِ ۙ﴿۱﴾ مَلِکِ النَّاسِ ۙ﴿۲﴾
اِلٰہِ النَّاسِ ۙ﴿۳﴾ مِنۡ شَرِّ الۡوَسۡوَاسِ ۬ۙ الۡخَنَّاسِ ۪ۙ﴿۴﴾
الَّذِیۡ یُوَسۡوِسُ فِیۡ صُدُوۡرِ النَّاسِ ﴿۵﴾
مِنَ الۡجِنَّۃِ وَ النَّاسِ ﴿۶﴾ ع

کیا آپ جانتے ہیں؟

ہمارے پیارے نبی صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیۡہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم رات کو سونے سے قبل سُورۂ فلق اور سُورۂ ناس پڑھ کر ہاتھوں پر دم کرتے اور بدن پر پھیر لیا کرتے تھے۔

سرگرمی

سُورۂ ناس یاد کر کے سنائیے۔

رہنمائے اساتذہ

① طلبہ / طالبات کو سُورۂ ناس دُرست تلفّظ کے ساتھ یاد کروائیے۔
② طلبہ / طالبات کو بتائیے آیات قرآنی کے دم میں شفا ہے۔
③ طلبہ / طالبات کو رات سونے سے پہلے سورۂ فلق اور سورۂ ناس پڑھ کر دم کرنے کا ذہن دیجیے۔

سورۃ العصر

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

اللہ کے نام سے شروع جو نہایت مہربان، رحمت والا ہے۔

وَالۡعَصۡرِ ۙ﴿۱﴾ اِنَّ الۡاِنۡسَانَ لَفِیۡ خُسۡرٍ ۙ﴿۲﴾

زمانے کی قسم ○ بے شک آدمی ضرور نقصان میں ہے ○

اِلَّا الَّذِیۡنَ اٰمَنُوۡا وَ عَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ

مگر وہ جو ایمان لائے اور انہوں نے اچھے کام کیے ○

وَ تَوَاصَوۡا بِالۡحَقِّ ۬ۙ وَ تَوَاصَوۡا بِالصَّبۡرِ ﴿۳﴾ ع

اور ایک دوسرے کو حق کی تاکید کی اور ایک دوسرے کو صبر کی وصیت کی ○

یاد رکھنے کی باتیں

- وہ شخص نُقصان میں ہے جو اپنی زندگی فُضول کاموں میں ضائع کرتا ہے۔
- کامیاب لوگوں کی چار صفات ہیں:

پہلی صفت	اللہ عَزَّوَجَلَّ، اس کے رسُولوں اور آخرت پر ایمان۔
دوسری صفت	نیک اعمال کرنا۔
تیسری صفت	دوسروں کو نیکی کی دعوت دینا۔
چوتھی صفت	مصیبتوں پر صبر کرنا۔

سرگرمی

سُورۂ عصر اور ترجمہ یاد کیجیے۔

فکرِ مدینہ

کیا آپ اپنی آخرت کی بہتری کے لیے نیکیاں کرتے اور دوسروں کو نیکی کی دعوت دیتے ہیں

رہنمائے اساتذہ

① طلبہ/طالبات کو سُورۂ عصر مع ترجمہ دُرست تلفظ کے ساتھ یاد کروائیے۔

② طلبہ/طالبات کو خزائن العرفان کے ذریعے اس سُورۂ مُبارکہ کی تفسیر پڑھ کر سنائیے۔

③ طلبہ/طالبات کو سُورۂ عصر میں بیان کردہ کامیاب لوگوں کی چار صفات بتا کر نیک اعمال کرنے کا جذبہ پیدا کیجیے۔

Darul-Madinah

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی ذات و صِفات

تدریسی مقصد

- اللہ عَزَّوَجَلَّ کی صِفات کے بارے میں آگاہی فراہم کرنا۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰہ عَزَّوَجَلَّ ہم مسلمان ہیں اور مسلمان کے لیے اللہ عَزَّوَجَلَّ کی ذات و صفات کے بارے میں جاننا اور ان پر ایمان لانا ضروری ہے۔ ہمارا عقیدہ ہے کہ اللہ عَزَّوَجَلَّ ہم سب کا خالق ہے۔ زمین و آسمان، سُورج، چاند اور ستارے اُسی نے پیدا کیے ہیں۔ بُلند و بالا پہاڑ، بہتے دریا اور گہرے سمندر اُسی نے بنائے ہیں۔ انسان و حیوان اور چرند و پرند کو پیدا کرنے والا بھی وہی اکیلا ہے۔ اللہ عَزَّوَجَلَّ کے سِوا کوئی خالق نہیں ہم سب اُس کی مخلوق ہیں۔

طرح طرح کے پھل، سبزیاں اور اناج اللہ عَزَّوَجَلَّ کی پیدا کردہ نعمتیں ہیں۔ جنھیں انسان و حیوان غذا کے طور پر استعمال کرتے ہیں۔ چھوٹے بڑے تمام جاندار سب اُسی کا دیا رزق کھاتے ہیں وہی سب کی پرورِش کرتا ہے۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ ساری کائنات کا مالک ہے۔ سُورج اور چاند اُسی کے حکم سے چل رہے ہیں۔ ہواؤں کا چلنا اور بارش کا برسنا اُسی کے حکم سے ہوتا ہے، دِن اور رات کا آنا جانا اور موسموں کا بدلنا بھی اُسی کے حکم سے ہوتا ہے۔ اُس کی مرضی کے بغیر کچھ بھی نہیں ہو سکتا۔ کائنات کا ایک ذرّہ بھی اُس کے حکم کے بغیر حرکت نہیں کر سکتا۔ وہ بے نیاز ہے کسی کام اور کسی بات کے لیے وہ دوسرے کا محتاج نہیں بلکہ ہم سب اُس کے محتاج ہیں۔

دنیا میں ہم جو کچھ کرتے ہیں ہر کام کی اُسے خبر ہے۔ وہ سب کچھ دیکھتا اور سُنتا ہے۔ کوئی چیز اندھیرے میں ہو یا روشنی میں، اُس کی نظروں میں ہے۔ ہماری بات چیت، ہمارے خیالات اور ارادوں سے بھی وہ باخبر ہے۔ اِس کے علم کی کوئی حد نہیں ہے۔

تمام چیزیں اُسی کے اختیار میں ہیں وہ جسے چاہتا ہے زندگی عطا فرماتا ہے، جسے چاہتا ہے موت دے دیتا ہے۔ قیامت کے دن بھی وہی سب کو دوبارہ اُٹھائے گا۔ ہمارے گناہ بخشنے والا اور توبہ قبول فرمانے والا بھی وہی ہے جنّت اور دوزخ اُسی کے قبضے میں ہیں۔ وہی قیامت کے دن کافروں کو دوزخ اور مسلمانوں کو جنّت عطا فرمائے گا۔ ہم سب اس کے عاجز بندے ہیں تمام تر خوبیوں کا وہی مالک ہے۔ ذَات و صِفات میں کوئی بھی اس جیسا نہیں ہے جو شخص کسی دوسرے کو کسی بھی صفت میں اس جیسا مانے وہ کافر ہے۔